مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)

Gachibowli, Hyderabad -500032

---

## مفوضہ کام: بی۔اے (فاصلاتی) 2018-2019

ھدایات: مفوضہ کام (Assinments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے پروگرام کا لازمی جز ہیں۔ مفوضہ کام کے لیے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچہ کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہونگے۔ (سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس' تیس نمبر رکھے گئے ہیں۔ ان کا اوسط آپ کے سالانہ امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائے گا)۔ مفوضہ کام میں کامیابی کے لیے جملہ 30 نمبرات میں سے بارہ (12) نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔ بی۔اے (فاصلاتی) سال کے اختتام پر سالانہ امتحان ہوگا۔ اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لیے 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوصہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات مندرجہ ذیل ہیں۔

طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ کن کتابوں سے یہ مواد لیا گیا ہے اس کا Source یعنی حوالہ ضرور دیں اور ہر مفوضہ کام کے جوابات علحدہ علحدہ، مناسب، سفید اور فل اسکیپ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھیں۔ جوابات پر سوال نمبر ضرور درج کیجیے اور ہر صفحہ پر دونوں جانب کم از کم 4 سنٹی میٹر حاشیہ چھوڑیئے۔ مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اسٹڈی سنٹر کے کوآرڈی نیٹر کے نام بذریعہ ڈاک ارسال کیجیے یا شخصی طور پر حوالے کریں۔ کورڈی نیٹر سے رسید بھی لیجیے۔

اگر آپ مفوضہ تحریری کام داخل نہ کرسکیں یا کم سے کم 12 نمبرات حاصل نہ کرسکیں تو آپ کو آئندہ بیچ (Batch) کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہوگا اور اس کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم ،مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ مفوصہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافہ کے لیے دوسری بار Assignment داخل نہیں کیا جاسکتا۔

نوٹ: طلبہ کو چاہیے کہ مفوصہ کام کے کاغذات کے پہلے صفحے پر درج ذیل تفصیلات فراہم کریں اور ممتحن کی رائے کے لیے جگہ خالی رکھیں۔

نام:______________ اسٹڈی سنٹر:______________

پتہ______________ اندراج نمبر:______________

پروگرام: بی۔اے __________ تاریخ:__________ دستخط:__________

ممتحن کی رائے:____________________________

مفوضہ کام (Assignments) داخل کرنے کی آخری تاریخ:

(1) پہلا مفوضہ کام: مارچ، 2019 کا آخری ہفتہ

(2) دوسرا مفوضہ کام: اپریل، 2019 کا تیسرا ہفتہ

(3) تیسرا مفوضہ کام: مئی، 2019 کا دوسرا ہفتہ

مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات (Assignments) قبول نہیں کیے جائیں گے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، سال اول 2018-2019

اسلامک اسٹڈیز : سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ا Assignment-1

(اکائی 1 تا 7)

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول : معروضی سوالات/خالی جگہ پُر کرنا والے سوالات - تمام سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5×2=10

سوال۔ا

(i) دور جاہلی میں اہم اُمور میں سردارانِ قریش سے مشورہ کا کام قبیلہ ' ............ ' کے حوالہ تھا۔

(ii) عہد نامہ جدید میں ......... بنیادی انجیلیں داخل ہیں۔

(iii) ہجرت کے نویں سال کو عام ........... کہا جاتا ہے۔

(iv) ''وفینا نبی یعلم ما فی ........... ''۔

(v) حدیث:''سباب المسلم ...... وقتاله كفر''۔

حصہ دوم : مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. قریش کے مختلف قبائل سے کیا کیا انتظامی ذمہ داریاں متعلق تھیں؟

3. صلح حدیبیہ پر ایک مضمون لکھیے۔

4. ''کان خلقہ القرآن''، اس حدیث کی روشنی میں نبی ﷺ کے بلند اخلاق بیان کیجیے۔

5. باہمی حقوق کے بارے میں رسول اللہ کے ارشادات کیا ہیں؟

حصہ سوم : طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. یہودیت کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے یہودیوں کے اہم رسوم کا تعارف پیش کیجیے۔

7. سیرت کی روایت پر ایک مختصر نوٹ لکھتے ہوئے آپ ﷺ کی نبوت سے قبل کی زندگی کے اہم واقعات بیان کیجیے۔

8. حسن اخلاق کے تعلق سے نبوی ہدایات پر روشنی ڈالتے ہوئے عدم تشدد کی زندگی گزارنے کے اصول بیان کیجیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، سال اول 2018-2019

اسلامک اسٹڈیز : سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ۲ Assignment-2

(اکائی 8 تا 14)

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول : معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا والے سوالات - تمام سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5×2=10

سوال۔ا

(i) ڈنمارکی اسکالر ............ کے خیال میں، مذہب تمام روایتوں میں اپنی انتہائی بنیادی صورت میں اعلیٰ قدروں کی بقا پر یقین کا نام ہے۔

(ii) خلیفہ ............ کے عہد میں قرآن پر نقطے لگوائے گئے اور حرکتیں دی گئیں۔

(iii) والدین کے کیا حقوق قرآن میں بتائے گئے ہیں؟ بیان کیجیے۔

(iv) ............ کی جنگ کی کامیابی نے مسلمانوں کے لیے شام کا راستہ ہموار کر دیا۔

(v) خلیفہ عمرؓ کے زمانہ میں کل ............ صوبے تھے۔

حصہ دوم : مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مذہب کے اثرات کا جائزہ پیش کیجیے۔

3. عہد نبوی میں جمع قرآن کی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے مکی اور مدنی سورتوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔

4. اولیات عمرؓ کا تفصیل سے بیان کیجیے۔

5. خلیفہ سوم حضرت عثمانؓ کی سیاسی اور مذہبی خدمات پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

حصہ سوم : طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. وہبی سے کیا مراد ہے، اور وحی اور الہامی مذہب کی ضرورت کیا ہے؟ بیان کیجیے۔

7. قرآن کی اخلاقی تعلیمات کیا ہیں؟ بیان کیجیے۔

8. خلافت راشدہ کے ارتقا سے بحث کرتے ہوئے، خلیفہ ابوبکر صدیقؓ کی حیات اور ان کے کارناموں پر ایک مضمون لکھیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، سال اول 2018-2019

اسلامک اسٹڈیز : سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ۳ Assignment-3

(اکائی 15 تا 20)

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول : معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا والے سوالات - تمام سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5×2=10

سوال۔ ا

(i) حضرت علیؓ پر حملہ کرنے والے خارجی کا نام تھا ............۔

(ii) حضرت ............ نے اضافی مال کو محفوظ کرنے کے لیے بیت المال کی باضابطہ عمارت تعمیر کرائی۔

(iii) حضرت عثمانؓ کے دور میں حضرت ............ مدینہ کے قاضی تھے۔

(iv) خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے شاہی خاندان والوں کی ............ ختم کیں۔

(v) جزیرہ روڈس کی شاندار کامیابی کے بعد مسلمانوں نے جزیرہ ............ کا رخ کیا۔

حصہ دوم : مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. اسلامی خلافت کے شورائی مزاج پر روشنی ڈالیے۔

3. بنو امیہ (دمشق) کے مرکزی نظام اور مالیاتی نظام کا جائزہ لیجیے۔

4. اموی عہد کی علمی و ادبی سرگرمیوں کا جائزہ لیجیے۔

5. آپ کے مطالعہ کی روشنی میں دور خلافت راشدہ اور دور بنی امیہ کے نظام حکومت کے درمیان مقارنہ اور موازنہ کیجیے۔

حصہ سوم : طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطر سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. حضرت علیؓ کے منہج خلافت کو بیان کرتے ہوئے، جنگ صفین کے اسباب و نتائج کا بیان کیجیے۔

7. خلافت راشدہ کے نظم و نسق کا جائزہ لیتے ہوئے، خلافت راشدہ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

8. فتوحات مغرب اسلامی اور فتوحات مشرق اسلامی سے کیا مراد ہے؟ ان فتوحات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔